**D 11113-E**

**(Pages : 2)**

**Name.........................................**

**Reg. No.....................................**

## THIRD SEMESTER P.G. DEGREE EXAMINATION, NOVEMBER 2021

(CCSS)

M.A. URDU

URD 3 E09—FILMI SHAIRI

(2020 Admissions)

Time : Three Hours

Maximum : 80 Marks

**I۔ ہر حصے سے ایک سوال کا انتخاب کیجیے اور اس کا تفصیلی جواب دیجیے۔ ہر سوال کے لیے 15 نمبر مختص کئے گئے ہیں۔** (3 × 15 = 45 marks)

(حصہ الف)

1۔ اردو گیتوں کی فنی معنویت کا احاطہ کیجیے۔

2۔ اردو لوک گیتوں کا موضوعاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

3۔ فلمی گیتوں کے ماضی اور حال کو احاطۂ تحریر میں لائیے۔

(حصہ ب)

4۔ فلم ''انمول گھڑی'' کے گیت کا ادبی مطالعہ پیش کیجیے۔

5۔ گلزار کا تحریر کردہ گیت ''تیرے بنا زندگی سے شکوہ تو نہیں'' کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے۔

6۔ نغمہ نگار ''آنند بخشی'' کی حیات اور فلمی شاعری پر اظہارِ خیال کیجیے۔

(حصہ ج)

7۔ فلمی گیتوں کے اقسام کا جائزہ لیجیے۔

8۔ گیتوں کے محاسن پر روشنی ڈالیے۔

9۔ گیت ''تصویر بناتا ہوں تصویر نہیں بنتی'' کا مطالعہ کرتے ہوئے اپنے تاثرات قلم بند کیجئے۔

**II۔ درج ذیل سوالات میں کوئی پانچ سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کا جواب ڈیڑھ صفحے پر مشتمل ہو۔** (5 × 5 = 25 marks)

10۔ اردو گیتوں کا تعارف کرواتے ہوئے اس کی اہمیت اجاگر کیجیے۔

11۔ لوک گیتوں پر اپنے تاثرات قلم بند کیجیے۔

**Turn over**

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

12۔ فلمی قوالی کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

13۔ فلمی نغمہ نگاری کے اقسام پر روشنی ڈالیے۔

14۔ فلم ''گنگا جمنا'' کے نغمہ ''انصاف کی ڈگر پر بچو دکھاؤ چل کے'' کا جائزہ دیجیے۔

15۔ فلمی نغمہ ''بابل کی دعائیں'' کے اوصاف پر روشنی ڈالیے۔

16۔ شکیل بدایونی کی فلمی شاعری پر اظہار خیال کیجیے۔

17۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

کبھی کسی کو مکمل جہاں نہیں ملتا　　کبھی زمیں تو کبھی آسماں نہیں ملتا

تمام شہر میں ایسا نہیں خلوص نہ ہو　　جہاں امید ہو اس کی وہاں نہیں ملتا

**III۔ کوئی پانچ سوالات کے جواب دیجیے۔ ہر سوال کا جواب ایک یا دو جملوں میں دیجیے۔** (5 × 2 = 10 marks)

18۔ لوک گیت کے بنیادی عناصر۔

19۔ ''ایک تھا گل اور ایک تھی بلبل'' کس فلم میں شامل ہے اور اس کے گیت کار کا نام بتائیے۔

20۔ نصاب میں شامل بیجو باورا کے نغمے کا ایک مشہور بول تحریر کیجیے۔

21۔ جاوید اختر کو پدما شری اور پدما بھوشن کا خطاب کس سنہ میں دیا گیا ہے۔

22۔ فلم آندھی کے نغمہ نگار اور ہدایت کار کون تھے۔

23۔ ادبی و فلمی شخصیات کس کی کتاب ہے۔

24۔ زبیر رضوی کی کتاب کا نام بتائیے۔

25۔ گیت ''ایک اکیلا اس شہر میں رات میں اور دوپہر میں'' کس فلم کا حصہ ہے اور اس کے شاعر کا نام بتائیے۔

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

**D 11113-D** (Pages : 3) Name..................................

Reg. No..................................

# THIRD SEMESTER P.G. DEGREE EXAMINATION, NOVEMBER 2021

(CCSS)

M.A. URDU

URD 3 E05—SPECIAL STUDY ON A POET–FIRAQ GORAKHPURI

(2020 Admissions)

Time : Three Hours Maximum : 80 Marks

I) ہر حصہ سے ایک سوال کا انتخاب کیجیے اور اس کا تفصیلی جواب لکھیے۔ ہر سوال کے لیے 15 نمبر مختص ہیں۔ (3 × 15 = 45 marks)

حصہ الف

1. فراق گورکھپوری کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔
2. فراق کی نظم گوئی کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔
3. فراق کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجیے۔

حصہ ب

4. نظم ''داستانِ آدم'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔
5. فراق کی خطوط نگاری کی خصوصیات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
6. مضمون ''عشقیہ شاعری کی پرکھ'' کے حوالے سے فراق کی مضمون نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ ج

7. فراق کی زندگی کے حالات بیان کیجیے۔
8. فراق کی غزل گوئی کی خصوصیات کا تجزیہ کیجیے۔
9. فراق کی نثر نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

II) ذیل میں درج کوئی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کا جواب ڈیڑھ صفحے پر مشتمل ہو۔ (5 × 5 = 25 marks)

10. فراق کا نظریہ شاعری کیا ہے؟ واضح کیجیے۔

Turn over

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

11. فراق کی سماجی زندگی کے بارے اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

12. فراق کی رباعی گوئی کا جائزہ لیجیے۔

13. فراق کے تغزل پر اپنا نظریہ واضح کیجیے۔

14. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

a) دل کو شعلوں سے کرتی ہے سیراب — زندگی آگ بھی ہے پانی بھی

b) راز کو راز ہی رکھا ہوتا — کیا کہنا گر ایسا ہوتا

c) انسان کو خریدتا ہے انسان — دنیا بھی دکان ہوگئی ہے

15. درج ذیل رباعیوں کا خلاصہ بیان کیجیے۔

i) ہر جلوے سے اک درس نمو لیتا ہوں — چھلکے ہوئے صد جام و سبو لیتا ہوں
اے جانِ بہار تجھ پہ پڑتی ہے جب آنکھ — سنگیت کی سرحدوں کو چھو لیتا ہوں

ii) خاموش فضا صاف چمک جاتی ہے — بجلی کوئی لہرا کے لپک جاتی ہے
امرت کی پھوار ہے کہ نورس آواز — یا پگھلی ہوئی صبح چھلک جاتی ہے

16. 'من آنم' کے حوالے سے فراق کی مکتوب نگاری کا جائزہ لیجیے۔

17. انشائیہ 'غالب پھر اس دنیا میں' کا مرکزی خیال کیا ہے؟ واضح کیجیے۔

**III)** کسی پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ ہر سوال کا جواب ایک یا دو جملوں میں دیجیے۔ (5 × 2 = 10 marks)

18. فراق کے دادا کا نام کیا ہے؟

19. فراق کب اس دارِ فانی سے چل بسے؟

20. فراق کا کوئی ایک شعر لکھیے۔

21. نظم 'آدھی رات' کے کتنے بند یا حصے ہیں؟

22. فراق کے تنقیدی مضامین کے کتنے مجموعے ہیں اور ان کے نام کیا ہیں؟

23. ‘من آنم’ کے خطوط کس کے نام لکھے گئے تھے؟

24. ’’ہندوستان کے عشقیہ کلچر کی معراج گھر کے اس تصور میں نظر آتی ہے جہاں عورت گھر کی لکشمی ہے۔‘‘
فراق کا یہ جملہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

25. انشائیہ ’’غالب پھر اس دنیا میں‘ میں کس بازار کا ذکر ہے جو بار بار لوٹا گیا اور بار بار آباد ہوا؟

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

**D 11113-C** (Pages : 2) Name.....................................

Reg. No.................................

**THIRD SEMESTER P.G. DEGREE EXAMINATION, NOVEMBER 2021**

(CCSS)

M.A. Urdu

URD 3 C11—TANQEED

(2020 Admissions)

Time : Three Hours Maximum : 80 Marks

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

I ہر حصہ سے ایک سوال کا انتخاب کیجیے اور اس کا تفصیلی جواب لکھیے۔ ہر سوال کے لئے پندرہ نمبر مختص ہیں۔

(3 × 15 = 45 marks)

حصہ الف

1) تنقید کی تعریف کرتے ہوئے تنقید کے مختلف نظریات پر بحث کیجیے۔

2) مشرقی تنقید کے اہم نکات کا محاسبہ کیجیے۔

3) تنقید کی اہمیت واضح کرتے ہوئے اسکے اہم پہلوؤں کا احاطہ کیجیے۔

حصہ ب

4) تنقیدی دبستان سے کیا مراد ہے؟ کسی ایک دبستان کا اجمالی جائزہ لیجیے۔

5) اردو تنقید کے ارتقا سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6) مولانا حالی کے تنقیدی افکار پر تبصرہ کیجیے۔

حصہ ج

7) تنقید اور جمالیات کے باہمی رشتے پر اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔

8) کلاسیکیت سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

9) مارکسی دبستان نقد کی اہمیت اور افادیت کا احاطہ کیجیے۔

**Turn over**

II ذیل میں درج کوئی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ہر ایک سوال کا جواب ڈیڑھ صفحے پر مشتمل ہو۔

(5 × 5 = 25 marks)

(10 نظری اور عملی تنقید کے اہم پہلوؤں کی وضاحت کیجیے۔

(11 ادبی تنقید کے اصولوں پر روشنی ڈالیے۔

(12 مغربی تنقید کی نمائندہ خصوصیات رقم کیجیے۔

(13 رومانیت سے کیا مراد ہے؟

(14 مابعد جدید تنقید کی تعریف و توضیح کیجیے۔

(15 جمالیاتی تنقیدی اقدار کا جائزہ لیجیے۔

(16 فراق گورکھپوری کی تنقید پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(17 احتشام حسین کے تنقیدی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

III کوئی پانچ سوالوں کے مختصر جواب لکھیے ہر سوال کا جواب ایک یا دو جملوں میں دیجئے۔

(5 × 2 = 10 marks)

(18 نیاز فتح پوری کے تنقیدی نظریات میں کونسا عنصر غالب ہے؟

(19 گوپی چند نارنگ نے کس تنقیدی دبستان کو رواج دیا؟

(20 شعر العجم کس کی تحریر کردہ تصنیف ہے؟

(21 شمس الرحمٰن فاروقی کا تعلق کس تنقیدی دبستان سے ہے؟

(22 تحقیق کے لئے تنقیدی شعور کیوں اہم ہے؟

(23 بوطیقا یا فنِ شاعری کس کی تحریر کردہ تصنیف ہے؟

(24 جدید لسانیات سے وجود میں آنے والا تنقیدی دبستان کون کونسے ہیں؟

(25 نقاد کے اہم فرائض کیا ہیں؟

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

**D 11113-B** (Pages : 3) Name.....................................

Reg. No.................................

# THIRD SEMESTER P.G. DEGREE EXAMINATION, NOVEMBER 2021

(CCSS)

M.A. Urdu

URD 3C 10—GHAZAL

(2020 Admissions)

Time : Three Hours Maximum : 80 Marks

I ہر حصہ سے ایک سوال کا انتخاب کیجئے اور اس کا تفصیلی جواب لکھئے۔ ہر سوال کے لئے پندرہ نمبر مختص ہیں۔ 3x15=45

حصہ الف

1) اردو کی شعری اصناف میں غزل کو سب سے زیادہ مقبولیت کیوں نصیب ہوئی؟

2) غزل پر کلیم الدین احمد کے خیالات کا احاطہ کیجیے۔

3) جدید تر غزل کے خدو خال نمایاں کیجیے۔

حصہ ب

4) ترقی پسند شعرا میں فیض احمد فیض کو کیوں امتیاز حاصل ہے؟

5) اقبال کی بدولت اردو غزل کن تبدیلیوں سے دوچار ہوئی؟

6) فانی کو یاسیت کا امام کہنا کہاں تک حق بجانب ہے؟

حصہ ج

7) غزل میں مستعمل کوئی دو علامتوں کا جائزہ لیجیے۔

8) غالب کی شاعرانہ عظمت کو اجاگر کیجیے۔

9) میر کی شاعری پر اظہار خیال کیجیے۔

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

Turn over

II ذیل میں درج کوئی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں ہر ایک سوال کا جواب ڈیڑھ صفحے پر مشتمل ہو۔ 5x5=25

10) آزاد غزل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

11) غزل کی ہیئت پر روشنی ڈالیے۔

12) شاعر کی حیثیت سے مصحفی کے رتبے کا تعین کیجیے۔

13) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔

یا مجھے افسر شاہانہ بنایا ہوتا ☆ یا مرا تاج گدایانہ بنایا ہوتا

قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے ☆ اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

14) حسرتؔ کی عشقیہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔

15) واضح کیجیے کہ کلام مومن میں جذبہ وفکر کی ایک نرالی شان ہے ۔

16) "پروین شاکر نے نسائی لب ولہجہ کو وقار بخشا" اس قول کا محاکمہ کیجیے۔

17) جدید شعرا میں ناصرؔ کی غزلیں کیوں اہمیت رکھتی ہیں؟

III کوئی پانچ سوالوں کے مختصر جواب لکھیے ہر سوال کا جواب ایک یا دو جملوں میں دیجیے۔ 5x2=10

18) تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

19) کس شاعر کی جائے ولادت، سنہ ولادت اور سنہ وفات کے بارے میں محققین میں اختلاف پایا جاتا ہے؟

20) مکر شاعرانہ کس کے کلام کی خوبی ہے؟

21) سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

اس شعر میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے؟

22) کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباس مجاز میں

کہ ہزاروں سجدے تڑپ رہے ہیں مری جبین نیاز میں

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

یہ شعر کس کا ہے اور کس شعری مجموعہ میں ہے؟

23) شعر کو مکمل کیجیے۔

گلوں میں رنگ بھرے ------ چلے

چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

24) پروین شاکر کے کوئی دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔

25) احمد فراز کا ایک شعر لکھیے۔

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

**D 11113-A** (Pages : 3) Name.....................................

Reg. No.....................................

# THIRD SEMESTER P.G. DEGREE EXAMINATION, NOVEMBER 2021

(CCSS)

M.A. Urdu

URD 3C 09—AFSANA

(2020 Admissions)

Time : Three Hours Maximum : 80 Marks

I۔ ہر حصے سے ایک سوال کا انتخاب کیجئے اور اس کا تفصیلی جواب لکھئے۔ ہر سوال کے لئے 15 نمبر مختص ہیں۔

(حصہ۔الف)

1۔افسانے میں کردار نگاری کی اہمیت پر اظہارِ خیال کیجئے۔

2۔پریم چند نے اپنے افسانوں میں سماجی زندگی کے کن مسائل کو اجاگر کیا ہے لکھئے۔

3۔اردو میں ترقی پسند افسانوں میں پیش کردہ مسائل پر اپنے معلومات قلم بند کیجئے۔ (1x15=15)

(حصہ۔ب)

4۔افسانہ کفن کا فنی تجزیہ پیش کیجئے۔

5۔انتظار حسین نے اپنا افسانہ ''آخری آدمی'' میں کیا سمجھانے کی کوشش کی ہے؟

6۔جیلانی بانو کے افسانے ''راستہ بند ہے'' کے حوالے سے جیلانی بانو کے افسانہ نگاری پر روشنی ڈالئے۔

(1x15=15)

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

Turn over

(حصہ۔ج)

7۔افسانوں کے مختلف اقسام پر اظہار خیال کیجئے۔

8۔کوئی دو اردو کے اہم افسانہ نگاروں کا تعارف ان کے افسانوی ادب کے حوالے سے کرائیے۔

9۔راجندر سنگھ بیدی کا افسانہ ''لاجونتی'' کے پلاٹ کو اختصار کے ساتھ بیان کیجئے نیز موضوع کی توضیح کیجیے (1x15=15)

II۔ذیل میں درج کوئی پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر ایک سوال کا جواب ڈیڑھ صفحے پر مشتمل ہونا چاہئے۔

(5x5=25)

10۔افسانہ اور ناول کا فرق واضح کیجئے۔

11۔علامتی افسانہ سے مراد کیا ہے؟

12۔ترقی پسند افسانوں کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

13۔جدیدیت کے افسانوں پر اظہارِ خیال کیجئے۔

14۔ افسانہ ''ان داتا'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

15۔ آخری آدمی کون ہے اور وہ آخر میں خود کو کیا محسوس کرنے لگا؟

16۔جیلانی بانو کے افسانوں کے اہم موضوعات بیان کیجئے۔

17۔غیاث احمد گدی کا افسانہ ''تج دو تج دو'' کے مرکزی خیال پر اظہار خیال کیجئے۔

III۔ذیل میں سے کسی پانچ سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں دیجئے۔ (5x2=10)

18۔افسانچہ کسے کہتے ہیں؟

19۔پریم چند کے دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھئے؟

20۔قرۃ العین حیدر کے کوئی دو افسانوں کے نام لکھئے۔

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT

21۔سعادت حسین منٹو کے افسانوں کا مرکزی خیال کیا ہے؟

22۔قرۃ العین حیدر کے والد کا نام کیا ہے لکھئے؟

23 ۔''کابلی والا کی واپسی'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟

24۔غیاث احمد گدی کے کسی ایک افسانوی مجموعے کا نام لکھئے۔

25۔''نیا افسانہ '' کس کی تصنیف ہے؟

CHMK LIBRARY UNIVERSITY OF CALICUT